# 24-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکر مارکا نے انکشاف کیا ہے کہ ریاستی حکومت نے سنگارینی کے تمام ٹنڈرس کو فوری طور پر روک دیا ہے۔

۲۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے مطالبہ کیا ہے کہ تلنگانہ حکومت سال 2014 سے اب تک سنگارینی میں کانوں کی الاٹمنٹ اور ٹنڈرس کے معاملات پر ایک وائٹ پیپر جاری کرے۔

۳۔ ریاستی وزیر بہبود اے لکشمن کمار نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت غریب خواتین کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کے لئے اندرا مہیلا شکتی پروگرام پر پوری محنت سے عمل پیرا ہے۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے اعلان کیا ہے کہ مشہور سمکا سارالماں جاترا کے موقع پر شردھالوؤں کی سہولت کے لیے 4 ہزار خصوصی بسیں چلائی جارہی ہیں۔

BHATTI VIKRAMARKA

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکر مارکا نے انکشاف کیا ہے کہ ریاستی حکومت نے سنگارینی کے تمام ٹنڈرس کو فوری طور پر روک دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹنڈرس کے عمل میں بدعنوانی کے الزامات اور مختلف شکایات کے پیش نظر یہ اہم فیصلہ لیا گیا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ سال 2014 سے اب تک سنگارینی کمپنی کے ذریعہ دیے گئے تمام ٹنڈرس کی مکمل تحقیقات کرائی جائے گی۔ اس میں تاڈی چرلہ سے لے کر سینی بلاک تک کے تمام کنٹراکٹ شامل ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی کے غیر ملکی دورہ سے واپسی کے فوراً بعد اس سلسلہ میں اہم اور قطعی احکامات جاری کئے جائیں گے۔ اپنی دیانت داری پر اٹھنے والے سوالات کا جواب دیتے ہوئے وکرامارکا نے کہا کہ وہ ذاتی مفاد کے لئے نہیں

بلکہ سماجمیں تبدیلی لانے کے لئے سیاست میں آئے ہیں اوران کی ایمانداری پر کسی کو شک کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔حکومت کے اس فیصلہ سے سنگارینی کارپوریشن میں گزشتہ کئی سالوں سے جاری کنٹراکٹسکے عمل میں بڑی بےضابطگیاں سامنے آنے کاامکان ہے۔

PRAGATI SPL STORY

وزیراعظم نریندرمودی کےفلیگ شپ پلیٹ فارم پرگتی نے اپنے کامیاب 50ویں اجلاس کےانعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگ میل عبورکرلیاہے۔سال 2015 میں اپنے آغاز کے بعد سے اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم نے اہم انفراسٹرکچر پروجیکٹوں کی براہ راست نگرانی اورعوامی شکایات کے ازالہ کے ذریعہ طرزِ حکمرانی کومکمل طور پرتبدیل کردیاہے۔ یہ نظام وفاقی تعاون کی ایک بہترین مثال ہے، جومرکز، ریاستوں اورمرکزی وزارتوں کوایک ہی پلیٹ فارم پرمتحد کرتاہے۔اس سلسلہ میں ایک اہم کامیابی چھتیس گڑھ میں نیشنل ہائی وے 30 کے رائے پور۔کوڈی بوڈ سکشن کی چارلین کی تکمیل ہے۔ 43 کلومیٹرطویل یہ پروجیکٹ ستمبر 2016 میں 987.88 کروڑروپے کی لاگت سےمنظورکیا گیا تھا۔اس کی تعمیرکی ذمہ داری نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا کوسونپی گئی تھی۔تعمیرکےدوران زمین کی منتقلی اورتعمیراتی سامان کی فراہمی جیسے مسائل پیداہوئے۔خاص طور پرجس زمین پرکام ہوناتھاوہ ڈی آرڈی او کی ملکیت نکلی، جس کےلئےوزارت دفاع سے اجازت اورمنتقلی کی ضرورت تھی۔فروری 2023 میں وزیراعظم نے پراگتی کےتحت اس پروجیکٹ کا جائزہ لیا۔اس جائزہ کے بعدوزارتِ دفاع، این ٹی پی سی، ڈی آرڈی او اور ریاستی حکومت کے درمیان حائل رکاوٹیں دور ہوئیں۔ پراگتی کےتحت مسلسل نگرانی اور بین وزارتی تعاون کی بدولت یہ پروجیکٹ 20 جون 2023 کومکمل طور پرکارکرد ہوگیا۔اس کامیابی نے ثابت کر دیاہے کہ پراگتی نے نہ صرف فیصلوں میں تیزی لائی ہے بلکہ ملک میں جوابدہی اور بروقت تکمیل کے کلچرکو بھی مضبوط کیاہے۔

## Oggu Dolu

26 جنوری کو نئی دہلی کے کرتویہ پت پر منعقد ہونے والی یومِ جمہوریہ کی تقریب میں تلنگانہ کی ثقافت کو خصوصی اہمیت حاصل ہوگی۔ اس بار پریڈ میں تلنگانہ کے روایتی اور منفرد فن اوگوڈولو کی شاندار نمائش کی جائے گی۔ ڈاکٹر روی کی قیادت میں 30 فنکاروں پر مشتمل ایک ٹیم اس قدیم فن کا مظاہرہ کرے گی۔ یہ فنکار صدرِ جمہوریہ، وزیر اعظم، مرکزی وزراء اور دیگر اعلیٰ حکام کی موجودگی میں تلنگانہ کی بھرپور ثقافتی وراثت کو پیش کریں گے۔ اوگوڈولو تلنگانہ کا ایک مقبول لوک رقص ہے جس میں ڈھول کی گونجدار تھاپ اور فنکاروں کی جرات مندانہ حرکات وسکنات دیکھنے والوں کو مسحور کر دیتی ہیں۔ یومِ جمہوریہ جیسے باوقار قومی اسٹیج پر اس فن کی پیشکش ریاست کے لئیا یک بڑے اعزاز کی بات ہے۔

## PHONE TAPPING

فون ٹیپنگ کیس کی تحقیقات کے سلسلہ میں تلنگانہ کی سیاست میں گرما گرمی جاری ہے۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راو نے کہا ہے کہ اس کیس کی تحقیقات مکمل طور پر غیر جانبدارانہ طریقہ سے کی جارہی ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اسپیشل انویسٹی گیشن ٹیم نے بی آر ایس کے کارگزار صدر کیتارک راما راؤ کو بطور مجرم نہیں، بلکہ ایک گواہ کے طور پر معلومات حاصل کرنے کے لئے طلب کیا ہے۔ دوسری جانب، بی جے پی کے ریاستی لیڈر این رام چندر راو نے فون ٹیپنگ کو آئین کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ انہوں نے ریاستی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو سالوں سے اس کیس کی تحقیقات میں جان بوجھ کر تاخیر کی جارہی ہے۔ رام چندر راؤ نے مطالبہ کیا کہ اگر حکومت واقعی اس معاملے میں سنجیدہ ہے، تو اسے لیت ولعل سے کام لینے کے بجائے قصورواروں کو فوری طور پر گرفتار کرنا چاہیے۔

Indiramma Houses

ہاؤسنگ کارپوریشن کے مینجنگ ڈائرکٹر نے اندراماں مکانات اسکیم کی پیش رفت پر ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس کے دوران انہوں نے حکام کو سخت ہدایت دی کہ اس اسکیم کی عمل آوری میں کسی بھی سطح پر بدعنوانی کو ہرگز برداشت نہ کیا جائے۔ ایم ڈی نے واضح کیا کہ مکانات کی الاٹمنٹ کا عمل مکمل طور پر شفاف ہونا چاہیئے تا کہ مستحق افراد کو ہی اس کا فائدہ ملے۔ انہوں نے عہدیداروں کو انتباہ دیا کہ رشوت ستانی یا کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ضلعی پروجیکٹ ڈائرکٹرس کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ صرف دفاتر تک محدود نہ رہیں بلکہ خود فیلڈ میں جا کر زمینی سطح پر کاموں کا معائنہ کریں۔

Ramzan Nalgonda

ضلع کلکٹر نلگنڈہ بی چندر شیکھر نے کہا ہے کہ ماہِ رمضان امن، ہم آہنگی اور انسانی اقدار کی بہترین علامت ہے۔ انہوں نے عوام کو مشورہ دیا کہ وہ رمضان کے روزے اور دیگر عبادات روایتی بھائی چارے اور سکون کے ساتھ مکمل کریں۔ کلکٹر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ مساجد میں نمازوں، افطار پارٹیوں اور دیگر مذہبی اجتماعات کے دوران برقی، پینے کے صاف پانی اور صفائی کے انتظامات میں کوئی رکاوٹ نہیں ہونی چاہیے۔ تمام محکموں کو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ضلع ایس پی شرت چندر پوار نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سوشل میڈیا پر پھیلنے والی جھوٹی خبروں اور نفرت انگیز تبصروں سے ہوشیار رہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ہر شہری نظم وضبط کا مظاہرہ کرے تا کہ ضلع میں امن و امان کی صورتحال برقرار رہے۔ ضلعی انتظامیہ نے یقین دلایا ہے کہ رمضان کے مقدس مہینہ میں روزہ داروں کی سہولت کے لئے تمام ضروری اقدامات مکمل کر لئے جائیں گے۔

Mohammad Azharuddin

وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین نے کہا ہے کہ نلگنڈہ ضلع کے جان پہاڑ کی درگاہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان بھائی چارہ کی علامت ہے۔انہوں نے آج درگاہ شریف پر حاضری دی اور میڈیا سے بات چیت کی۔ Sound Azharuddin

Bandi Sanjay

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے مطالبہ کیا ہے کہ تلنگانہ حکومت سال 2014 سے اب تک سنگارینی میں کانوں کی الاٹمنٹ اور ٹنڈرس کے معاملات پر ایک وائٹ پیپر جاری کرے۔انہوں نے ریاستی حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ آندھرا پردیش کے دور سے کہیں زیادہ اب تلنگانہ میں کانوں کی لوٹ مار جاری ہے۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ سنگارینی کے ورکرس نے اس ادارے کے وجود کو بچانے کے لئے طویل جدوجہد کی ہے لیکن موجودہ حکومت نے اس منافع بخش ادارہ کو قرضوں کے بوجھ تلے دبا دیا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت سنگارینی کے واجب الادا 42 ہزار کروڑ روپے فوری طور پر ادا کرے۔اس کے علاوہ، فون ٹیپنگ کیس کا تذکرہ کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ ریاستی حکومت کو اس معاملہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کروانی چاہئیں تا کہ اس گھناؤنے کام کے اصل ماسٹر مائنڈس اور مجرموں کو سخت سزا مل سکے۔

DK Aruna

بی جے پی کی قومی نائب صدر و رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے کہا ہے کہ بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ اسکیم جو مرکزی حکومت کی طرف سے لاگو کی جارہی ہے، لڑکیوں کی مجموعی ترقی میں رول ادا کرے گی اور مالی مدد فراہم کرے گی۔ انہوں نے آج محبوب نگر میں مشن وتسالیا پدکم کے تحت 1.35 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر بالا سدن کی نئی عمارت کی تعمیر کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے بات چیت کی۔

Minister Laxman Kumar

ریاستی وزیر بہبود اے لکشمن کمار نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت غریب خواتین کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کے لئے اندرامہیلا شکتی پروگرام پر پوری محنت سے عمل پیرا ہے۔آج ضلع جگتیال کے علاقہ رائیکل میں منعقدہ اندرامہیلا شکتی جشن میں شرکت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اہم اقدامات کیئے۔انہوں نے 42 خواتین سیلف ہیلپ گروپس میں تقریباً 11 لاکھ روپے کے بلاسود قرضے تقسیم کیئے۔رائیکل ٹاؤن میں 7 کروڑ روپے کی لاگت سے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔وزیر لکشمن کمار نے زور دیا کہ خواتین کو معاشی طور پر خود کفیل بنانا ہی ریاست کی حقیقی ترقی ہے۔اس پروگرام میں جگتیال کے ایم ایل اے سنجے کمار اور ضلع کلکٹر بی ستیہ پرساد نے بھی شرکت کی اور حکومت کی فلاحی اسکیموں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

Sarpanch

ضلع کلکٹر آصف آباد کے ہریتا نے کہا ہے کہ گرام پنچایتوں کی جامع ترقی اور دیہاتوں کی خوشحالی میں سرپنچوں کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے۔آج کاغذنگر میں محکمہ پنچایت راج اور دیہی ترقی کے زیرِ اہتمام مختلف منڈلوں کے سرپنچوں کے لئے منعقدہ ایک تربیتی پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے کلکٹر نے مختلف امور پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ سرپنچوں کو چاہیے کہ وہ دیہات میں عوام کو درپیش مسائل پر فوری ردِعمل ظاہر کریں اور ان کے حل کے لیے موثر اقدامات کریں۔پنچایتوں کو خود مکتفی بنانے کے لئے آمدنی کے مقامی ذرائع میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔دیہاتوں میں بیماریوں سے بچاؤ اور صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے کاموں کی نگرانی کی جانی چاہئے۔اس پروگرام میں ضلع پنچایت آفیسر بھیکشا پتی گوڑ اور ضلع پریشد کے سی ای او لکشمی نارائن نے بھی شرکت کی اور سرپنچوں کو انتظامی امور کی باریکیوں سے واقف کرایا۔

Fire Incdent

حیدرآباد شہر کے گنجان آباد علاقہ نامپلی میں ایک فرنیچر کی دکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث مقامی افراد میں خوف وہراس پھیل گیا۔ اطلاعات کے مطابق آگ ایک چار منزلہ عمارت کی گراؤنڈ فلور پر واقع فرنیچر شاپ میں لگی آگ اتنی شدید تھی کہ شعلے بلند ہوتے دیکھ کر آس پاس کے افراد میں افراتفری مچ گئی۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی چار گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ پر قابو پانے کی کوششیں شروع کردیں۔

Ramzan Kamareddy

ضلع کلکٹر کاماریڈی آشیش سنگوان نے کہا ہے کہ آنے والے مقدس مہینہ رمضان المبارک کو پر امن اور خوشگوار ماحول میں منانے کے لیے تمام سرکاری محکموں کو ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔اس سلسلے میں کلکٹریٹ کے منی کانفرنس ہال میں متعلقہ محکموں کے عہدیداروں اور مسلم مذہبی رہنماؤں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا۔اجلاس کے دوران کلکٹر نے رمضان کے سلسلہ میں کیے جانے والے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ مساجد کے آس پاس صفائی، پینے کے پانی کی فراہمی اور برقی کے بلاتعطل انتظام کو یقینی بنایا جائے تاکہ روزے داروں اور عبادت گزاروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ مذہبی رہنماؤں نے بھی انتظامیہ کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا تاکہ یہ مقدس مہینہ روایتی مذہبی جوش وخروش اور بھائی چارے کے ساتھ مکمل ہوسکے۔

Medaram

ریاستی وزیرِ ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے اعلان کیا ہے کہ مشہور سمکا سارالماں جاترا کے موقع پر شردھالوؤں کی سہولت کے لیے 4 ہزار خصوصی بسیں چلائی جارہی ہیں۔آج وزیرِ ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر اور وزیرِ پنچایت راج سیتااکا نے میڈارم پہنچ کر درشن کیے اور آشیرواد حاصل کیا۔اس موقع پر وزراء نے 150 ایکڑ اراضی پر تیار کیے گئے عارضی آرٹی سی بس اسٹینڈ کا افتتاح بھی کیا۔

○○